رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: عالمیہ سال اول | پرچہ: پانچواں | مضمون: الفقہ

تاریخ: 17-02-2024 | دن: ہفتہ | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: عقود میں اعتبار کیا جاتا ہے۔

(الف) الفاظ (ب) معانی (ج) دونوں کا (د) دونوں کا نہیں

سوال نمبر 2: وہ بیع جس میں ایجاب و قبول بغیر لفظ کے ہو۔۔۔ کہلاتی ہے۔

(الف) بیع تعاطی (ب) بیع منابذہ (ج) مطلقا بیع (د) بیع محاقلہ

سوال نمبر 3: ابن عمر نے خیار شرط کو جائز قرار دیا ہے۔

(الف) ایک ماہ تک (ب) 15 دن تک (ج) 20 دن تک (د) 2 ماہ تک

سوال نمبر 4: کس کے نزدیک متعاقدین میں سے ہر ایک کے لیے خیار مجلس ہوگا؟

(الف) امام زفر (ب) امام شافعی (ج) امام ابو یوسف (د) امام محمد

سوال نمبر 5: آقا ﷺ نے یہودی سے کھانا خریدا اور بطور رہن۔۔۔ رکھا۔

(الف) لباس (ب) عمامہ (ج) جوتے (د) زرہ

سوال نمبر 6: خیار شرط بیع میں بائع اور مشتری کے لیے ہے۔

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) باطل (د) فاسد

سوال نمبر 7: امام شافعی کے نزدیک عورت کے دودھ کی بیع کرنا۔۔۔ ہے۔

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) حرام (د) فاسد

سوال نمبر 8: مردار کی کھال کی بیع کرنا ناجائز ہے۔

(الف) دباغت سے پہلے (ب) دباغت کے بعد (ج) مطلقا ناجائز (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: ۔۔۔ کے نزدیک لونڈی کے دودھ کی بیع کرنا جائز ہے۔

(الف) امام شافعی (ب) امام ابو یوسف (ج) امام محمد (د) امام زفر

سوال نمبر 10: "مبادلة المال بالمال" یہ بیع کا۔۔۔ ہے۔

(الف) رکن (ب) شرط (ج) واجب (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: "یستام" کا معنی ہے۔

(الف) ریٹ لگانا (ب) نیلام کرنا (ج) عام کرنا (د) پیغام بھیجنا

سوال نمبر 12: "وھو مایخرج من الصید بضرب الشبکة مرة" یہ تعریف ہے۔

(الف) بیع مزابنہ (ب) بیع محاقلہ (ج) ضربة القانص (د) ملامسہ

سوال نمبر 13: اقالہ ثمن اول کی مثل بیع میں۔۔۔ ہے۔

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) مکروہ (د) حرام

سوال نمبر14: شفیع کا حق بائع کے حق سے زیادہ۔۔۔ ہے۔

(الف)اقوی (ب)افضل (ج)ضعیف (د)اولیٰ

سوال نمبر15: بیع مرابحہ اور تولیہ کا دارومدار ہوتا ہے۔

(الف)امانت (ب)خیانت سے احتراز (ج)شبہ خیانت سے احتراز (د)تمام

سوال نمبر16: طعم اور ثمنیت کس کے نزدیک علت ہے؟

(الف)احناف (ب)شوافع (ج)امام احمد (د)امام زفر

سوال نمبر17: بیع میں کون سی چیز متعین کرنے سے متعین نہیں ہوتی؟

(الف)ثمن (ب)مبیع (ج)دونوں (د)دونوں نہیں

سوال نمبر18: "وکل ماینسب الی الرطل فھو۔۔۔"

(الف)مکیلی (ب)موزونی (ج)مجارفہ (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: غلام اور آزاد کو بیک وقت بیع میں جمع کرنا۔۔۔ ہے۔

(الف)باطل (ب)فاسد (ج)مکروہ (د)حرام

سوال نمبر20: بیع شروط فاسدہ سے۔۔۔

(الف)باطل ہوتی ہے (ب)باطل نہیں ہوتی ہے (ج)مکروہ ہوتی ہے (د)مکروہ نہیں ہوتی ہے

سوال نمبر21: ہاتھی کو کس کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے؟

(الف)خنزیر (ب)کلب (ج)بلی (د)سانپ

سوال نمبر22: بھاگے ہوئے غلام کی بیع کا حکم کیا ہے؟

(الف)باطل (ب)فاسد (ج)مکروہ (د)جائز نہیں

سوال نمبر23: اگر ام ولد اور مدبر مشتری کے قبضے میں مر جائیں تو امام اعظم کے نزدیک مشتری پر۔۔۔

(الف)ضمان ہے (ب)ضمان نہیں ہے (ج)قیمت دے گا (د)بیع فسخ کر دے گا

سوال نمبر24: بیع انشاء تصرّف ہے اور انشاء کو۔۔۔ کے ذریعے جانا جاتا ہے۔

(الف)اعلام (ب)اخبار (ج)شرع (د)تینوں سے

سوال نمبر25: بیع کس لفظ سے منعقد ہوتی ہے؟

(الف)ماضی (ب)مستقبل (ج)امر (د)حال